**NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT**

**Subject:-** **REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON NATIONAL HEALTH SERVICES, REGULATIONS AND COORDINATION ON THE ISLAMABAD HEALTHCARE REGULATION (AMENDMENT) BILL, 2021**

I, Chairman of the Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, have the honor to present this report on the Bill further to amend the Islamabad Healthcare Regulation Act, 2018 [The Islamabad Healthcare Regulation (Amendment) Bill, 2021] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 18th May, 2021.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| (1) | **Mr. Khalid Hussain Magsi** | **Chairman** |
| (2) | Dr. Haider Ali Khan | Member |
| (3) | Mr. Nasir Khan Musazai | Member |
| (4) | Mr. Jai Parkash | Member |
| (5) | Raja Khurram Shahzad Nawaz | Member |
| (6) | Dr. Muhammad Afzal Khan Dhandla | Member |
| (7) | Dr. Nausheen Hamid | Member |
| (8) | Ms. Zille Huma | Member |
| (9) | Ms. Fouzia Behram | Member |
| (10) | Ms. Aliya Hamza Malik | Member |
| (11) | Prof. Dr. Shahnaz Naseer Baloch | Member |
| (12) | Mr. Nisar Ahmad Cheema | Member |
| (13) | Mr. Mukhtar Ahmad Malik | Member |
| (14) | Dr. Samina Matloob | Member |
| (15) | Dr. Darshan | Member |
| (16) | Mr. Mahesh Kumar Malani | Member |
| (17) | Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro | Member |
| (18) | Mr. James Iqbal | Member |
| (19) | Mr. Ramesh Lal | Member |
| (20) | Ms. Sams-un-Nisa | Member |
| (21) | Minister In-Charge<br>*National Health Services, Regulations and Coordination* | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annexure-A, in its meetings held on 16th August, 2021. The Committee recommends that the Bill as introduced may be passed by the National Assembly.

-Sd/-

**(MR. KHALID HUSSAIN MAGSI)**
Chairman

-Sd/-

**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary

Islamabad, the 8th December, 2021

[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

*to amend the Islamabad Healthcare Regulation Act, 2018*

WHEREAS it is expedient further to amend the Islamabad Healthcare Regulation Act, 2018 (XXIII of 2018), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:–

1. **Short title and commencement.**–(1) This Act may be called the Islamabad Healthcare Regulation (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 4, Act XXIII of 2018.**–In the Islamabad Healthcare Regulation Act, 2018 (XXIII of 2018), in section 4, in sub-section (1),after paragraph (f), the following new paragraph (fa), shall be inserted, namely:-

"(fa) take necessary steps for eradication of quackery and operation of unauthorized unregistered clinics, Hospitals and maternity centers.".

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

Whereas the Healthcare Establishment Act was made to ensure quality healthcare services and to implement quality standards by the healthcare sector, it is pertinent also to eradicate quackery. Only prohibiting quackery is not enough. Healthcare authority has to take steps to prevent persons fraudulently practicing healthcare profession and it should make Anti-Quackery Cells or Teams to make strategies and take actions against small hospitals, clinics operating in exurbs and suburbs of the cities. Therefore, this Bill is proposed to mandate healthcare Authority to take steps against quackery.

**Sd/-**

**DR. MAHREEN RAZZAQ BHUTTO,**

**Member, National Assembly**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

موضوع: **اسلام آباد انضباط محافظت صحت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت ۱۸/مئی، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلام آباد انضباط محافظت صحت ایکٹ، ۲۰۱۸ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [اسلام آباد انضباط محافظت صحت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ قائمہ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **جناب خالد حسین مگسی** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | ڈاکٹر حیدر علی خان | رکن |
| ۳۔ | جناب ناصر خان موسیٰ زئی | رکن |
| ۴۔ | جناب جے پرکاش | رکن |
| ۵۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | رکن |
| ۶۔ | ڈاکٹر محمد افضل خان ڈھانڈلہ | رکن |
| ۷۔ | ڈاکٹر نوشین حامد | رکن |
| ۸۔ | محترمہ ظل ہما | رکن |
| ۹۔ | محترمہ فوزیہ بہرام | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ عالیہ حمزہ ملک | رکن |
| ۱۱۔ | پروفیسر ڈاکٹر شہناز نصیر بلوچ | رکن |
| ۱۲۔ | جناب نثار احمد چیمہ | رکن |
| ۱۳۔ | جناب مختار احمد ملک | رکن |
| ۱۴۔ | ڈاکٹر ثمینہ مطلوب | رکن |
| ۱۵۔ | ڈاکٹر درشن | رکن |
| ۱۶۔ | جناب مہیش کمار ملانی | رکن |
| ۱۷۔ | ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو | رکن |
| ۱۸۔ | جناب جیمز اقبال | رکن |
| ۱۹۔ | جناب رمیش لال | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ شمس النساء | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر انچارج،<br>قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۶/اگست، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ پیش کردہ بل کی قومی اسمبلی منظوری دے۔

دستخط/-
(جناب خالد حسین مگسی)
چیئرمین

دستخط/-
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، ۸/دسمبر، ۲۰۲۱ء

مسلکہ۔الف

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں ]

## اسلام آباد انضباط محافظت صحت ایکٹ، ۲۰۱۸ء میں ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی غرض کے لئے اسلام آباد انضباط محافظت صحت ایکٹ، ۲۰۱۸ء (نمبر ۲۳ بابت ۲۰۱۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا اسلام آباد انضباط محافظت صحت (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲۳ بابت ۲۰۱۸ء، دفعہ ۴ کی ترمیم:** اسلام آباد انضباط محافظت صحت ایکٹ، ۲۰۱۸ء (نمبر ۲۳ بابت ۲۰۱۸ء) میں، دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، پیرا 'و' کے بعد حسب ذیل نیا پیرا (و/الف) شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(و/الف) عطائیت اور غیر مجاز، غیر رجسٹرڈ کلینکوں، ہسپتالوں اور مراکز زچگی کی فعالیت کے خاتمے کے لئے ضروری اقدامات کرے گی۔"۔

## بیان اغراض ووجوہ

چونکہ صحت کی محافظت کے شعبے کی جانب سے محافظت صحت کی معیاری خدمات کی فراہمی اور معیارات پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے ادارہ محافظت صحت ایکٹ وضع کیا گیا تھا۔ اس لئے یہ لازم ہے کہ عطائیت کا بھی خاتمہ کیا جائے۔ عطائیت کو صرف ممنوع قرار دینا ہی کافی نہیں ہے۔ محافظت صحت کی اتھارٹی کو ان افراد کا قلع قمع کرنا ہو گا جو محافظت صحت کے پیشے کی ناجائز پریکٹس کر رہے ہوں اور اسے انسداد عطائیت کے شعبے یا ٹیمیں تشکیل دینا ہوں گی تاکہ حکمت عملیاں وضع کی جائیں اور شہروں کے نواحی علاقوں اور مضافات میں چلنے والے چھوٹے ہسپتالوں، کلینکوں کے خلاف اقدامات اٹھائے جائیں۔ لہٰذا، محافظت صحت اتھارٹی کو عطائیت کے خلاف اقدامات کرنے کا اختیار تفویض کرنے کے لئے یہ بل تجویز کیا جاتا ہے۔

دستخط/۔
ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو،
رکن، قومی اسمبلی۔